4509-کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نور سے پیدا کئے گئے ہیں۔

سوال

میں نے دو کتابوں میں یہ پڑھا ہے کہ نبی مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے نور سے پیدا کیا اور آپ کو سب مخلوقات سے پہلے پیدا کیا گیا ہے اور آپ کی وجہ سے ہی باقی ساری مخلوقات کو پیدا کیا، لیکن مجھے اس کا یقین نہیں آتا آپ سے گذارش ہے کہ آپ اس کی وضاحت فرمادیں آپ کا شکریہ۔

اسی طرح کا ایک سوال مستقل فتوی کمیٹی کے سامنے پیش کیا گیا جس کی نص ذیل میں دی جاتی ہے :

سوال ؟ :

اکثر لوگوں کا یہ اعتقاد ہے کہ سب اشیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے پیدا کی گئیں ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نور اللہ تعالی کے نور سے پیدا کیا گیا ہے۔
اور یہ روایت بھی پیش کرتے ہیں (میں اللہ تعالی کا نور ہوں اور ہر چیز میرے نور سے ہے)

اور یہ بھی روایت کرتے ہیں کہ (سب سے پہلے اللہ تعالی نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نور پیدا فرمایا)

توکیا ان روایات کی کوئی اصل ہے ؟ اور یہ بھی روایت کرتے ہیں کہ (میں عرب ہوں لیکن بغیر عین کے، یعنی رب، اور میں احمد ہوں لیکن میم کے بغیر، یعنی احد) توکیا اس روایت کی بھی کوئی اصل ہے ؟

پسندیدہ جواب

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نور من نور اللہ کہنے سے اگر تو یہ مراد ہے کہ ان کا نور اللہ تعالی کے نور سے نور ذاتی ہے تو یہ قران وسنت کے مخالف ہے جو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر ثابت کرتے ہیں، اور اگر اس سے یہ مراد ہو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس لحاظ واعتبار سے نور ہیں کہ ان کے پاس جو وحی آئی وہ مخلوق میں سے جسے اللہ تعالی نے چاہا اس کی رشد وھدایت کا سبب بنی تو اس لحاظ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نور ہیں۔

تو اس کے متعلق مستقل فتوی کمیٹی کا فتوی جاری ہوا ہے جس کی نص ذیل میں پیش کی جاتی ہے :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نور نور ھدایت ورسالت ہے جس کے ساتھ اللہ تعالی نے اپنے بندوں میں سے بصیرت والوں کو جسے چاہا ھدایت عطا فرمائی، اور اس بات می کوئی شک نہیں کہ نور رسالت اور نور ھدایت اللہ ہی کی جانب سے ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{کسی انسان کے لئے یہ ناممکن ہے کہ اللہ تعالی اس سے کلام کرے مگر یہ کہ اس پر وحی کرے ، یا پھر پردہ کے پیچھے سے یا کسی رسول کو بھیج کر، اور رہ اللہ تعالی کے حکم سے جو وہ چاہے وحی کرے ، بیشک وہ بلند و برتر اور حکمت والا ہے ۔

اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روح کو اتارا ہے ، آپ اس سے پہلے بھی یہ نہیں جانتے تھے کہ کتاب اور ایمان کیا چیز ہے ؟ لکین ہم نے اسے نور بنایا ، اس کے ذریعہ سے اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ھدایت دیتے ہیں ، بیشک آپ صراط مستقیم کی راہنمائی کر رہے ہیں ۔

اس اللہ تعالی کے راہ کی راہنمائی جس کی ملکیت میں سب آسمانوں اور زمین کی ہر چیز ہے ، جان لو! سب کام اللہ تعالی ہی کی طرف لوٹتے ہیں } الشوری/51-53

اور یہ نور خاتم الاولیاء سے نہیں لیا گیا جیسا کہ کچھ ملحد لوگوں کا یہ عقیدہ ہے اور وہ یہ گمان رکھتے ہیں کہ یہ نور خاتم الاولیاء سے ہے ، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم تو گوشت اور ھڈیوں وغیرہ سے ہے ۔ ۔ ۔ الخ ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ماں اور باپ سے ہوئی ہے ، اور ان کی ولادت سے پہلے کوئی مخلوق پیدا نہیں ہوئی اور اسی طرح جو یہ روایت کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالی نے سب سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو پیدا فرمایا ، یا یہ کہ اللہ تعالی نے اپنے چہرے کے نور سے ایک مٹھی لی تو یہ مٹھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ، تو اللہ تعالی نے اس کی طرف دیکھا تو اس میں سے کچھ قطرے گرے تو ان میں سے ہر قطرے سے نبی پیدا کیا ، یا پھر یہ روایت کہ ساری مخلوق کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے پیدا کیا گیا ہے ، تو یہ اس طرح کی جتنی بھی روایات ہیں ان کی کوئی اصل نہیں اور نہ ہی ان میں سے کوئی ایک بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے ۔

تو مندرجہ بالا فتوی کی روشنی میں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ اعتقاد رکھنا باطل ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نور من نور اللہ ہیں ۔

اور جو یہ روایات آپ نے سوال میں ذکر کی ہیں کہ میں عین کے بغیر عرب ہوں یعنی رب ، تو اس کی کوئی اصل نہیں اور نہ ہی صحیح ہے اور اسی طرح یہ روایت کہ میں بغیر میم کے احمد ہوں یعنی احد ۔ اس کی بھی کوئی اصل نہیں ہے ، صفت ربوبیت اور اللہ تعالی کی خاص صفات سے متصف ہونا تو اللہ عزوجل کا خاصہ ہے ان کے ساتھ کوئی اور متصف نہیں ہو سکتا تو مطلقا یہ جائز نہیں ہے کہ مخلوق میں سے کسی کو یہ کہا جائے کہ وہ رب ہے اور یا یہ کہ وہ احد ہے ، تو یہ ایسی صفات ہیں جو کہ اللہ سبحانہ وتعالی کے ساتھ خاص ہیں لھذا کسی رسول اور یا کسی اور بشر کے ساتھ ان صفات کو متصف کرنا جائز نہیں ہے ۔

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے صحابہ پر رحمتیں نازل فرمائے ، آمین ۔

اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ۔ فتاوی اللجنۃ الدائمۃ 310/1

سوال ؟

کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالی نے آسمان وزمین کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کے لئے پیدا فرمایا ؟ اور اس کا کیا معنی ہے کہ (اگر آپ نہ ہوتے تو میں افلاک (آسمان وزمین) کو نہ پیدا کرتا) کیا یہ حدیث صحیح ہے کہ نہیں ؟ ہمیں اس کی حقیقت بتائیں ؟

آسمان وزمین کو اللہ تعالی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پیدا نہیں فرمایا بلکہ اس کا مقصد اللہ تعالی نے اس آیت میں ذکر فرمایا ہے :

ارشاد باری تعالی ہے :

.{اللہ وہ ذات ہے جس نے ساتوں آسمانوں اوراسی طرح اتنی ہی زمینوں کو پیدا فرمایا ان کے درمیان اس کا حکم نازل ہوتا ہے تاکہ تمہیں اس کا علم ہوجائے کہ اللہ تبارک وتعالی ہر چیز پر قادر ہے اوراللہ تعالی نے علم کے ساتھ ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے}.

اورجوحدیث سوال میں ذکر کی گئ ہے وہ موضوع اور بناوٹی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ اورافتراء ہے اس کی صحت کی کوئ اساس نہیں ملتی ۔

اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اورانکی آل اور صحابہ پر رحمتیں نازل فرمائے ۔ آمین ۔ اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ۔ .